| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ظ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ظ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اور الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اُردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف 'ا تا ط' کا تلفظ، آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ظ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ظ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ظ' کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ظ' ہے۔ اس کی شکل 'ط' جیسی ہے۔ اس کے اوپر ایک نقطہ آتا ہے۔ 'ظ' حروف تہجی کا چوبیسواں حرف ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ظ' کے ذخیرہ الفاظ بہت کم ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ظ' کو درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ 'ظ' کے الفاظ (ظروف اور ظریف) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ظروف کے کٹ آؤٹس دے کر ان میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے ظروف کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی اور 'ظ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 20منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'ظ' کے اوپر کتنے نقطے آتے ہیں؟ 'ظ' کون سے حرف کے بعد آتا ہے؟ | 5منٹ | ظروف کٹ آؤٹس، رنگین، پنسلیں | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ظ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ظ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اور الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو ظروف اور ظریف کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ظ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کا اشیاء میں حرف 'ظ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ظریف (Clown) ہنسانے والے کو کہتے ہیں۔ بچوں سے 'ظریف' کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب صفحہ نمبر 56 کھولیں اور حرف 'ظ' پر انگلی پھیریں اور حرف 'ظ' کی اشیاء کے نام بتائیے۔ بچوں کو حرف 'ظ' کی ورک شیٹ دی جائے گی جس میں بچے رنگین کاغذ کی مدد سے حرف 'ظ' کا کولاج بنائیں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 56<br>ورک شیٹ<br>رنگین کاغذ<br>(چھوٹے ٹکڑوں میں کٹا ہوا) | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ظ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور ظریف کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | | | |
| | **گھر کا کام:**<br>دیے گئے حروف میں سے 'ظ' کے گرد دائرہ بنائیے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ظ‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ظ‘ کی پہچان کرسکیں‘۔ اس کی آواز اور الفاظ بتاسکیں۔ | دہرائی:<br>حرف ’ظ‘ کا تلفظ، اس کی آواز اور اس کی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ظ‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف ’ظ‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | تعارف:<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ظ‘ کی کہانی سنیں گے۔<br>ایک گاؤں میں ایک کمہار رہتا تھا۔ کمہار ظروف بنانے کا کام کرتا تھا۔ ایک دن وہ اپنی دکان پر ظروف بنا رہا تھا کہ ایک ظالم شخص آیا اور اس کے تمام ظروف توڑ گیا۔ کمہار بہت اُداس تھا۔ اچانک کمہار کی دکان پر ظریف آ گیا اور وہ اس کو ہنسانے لگا۔ | 10 منٹ | | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>بچوں کو حرف ’ظ‘ کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ بچوں سے حرف ’ظ‘ میں انگلی کی مدد سے رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ وہ مختلف رنگوں سے ’ظ‘ میں فنگر پر پینٹنگ کر سکتے ہیں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ پوسٹر کلرز | |
| | اختتامیہ:<br>بچوں سے ظروف کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ظ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ظ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز الفاظ اور بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ظ' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ بچوں سے حرف 'ظ' کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اور 'ظ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ظ' کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا ہم کون سا حرف کر رہے ہیں بچوں کو بتایا جائے گا کہ آپ جانتے ہیں کہ 'ظ' کے ذخیرہ الفاظ زیادہ نہیں ہیں۔ 'ظ' کی آواز کی دہرائی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 57 کھولنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Salt Tray کی مدد سے 'ظ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ طشتری کی ابتدائی آواز کیا ہے؟ بچوں کو 'ظ' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ظ' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ظ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں سے ظریف اور ظروف کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>Salt Tray<br>کتاب صفحہ نمبر 57 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ظ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کا اشیاء میں حرف 'ظ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ظ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ' حرف 'ظ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اور الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'ظ' کے الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ظ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ظ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف 'ظ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand Letters | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ظ' پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے بورڈ پر حرف 'ظ' کی لکھائی کی مشق کروائی جائے گی۔ | 2 منٹ | | |